# نعت

## مفتی محمد شعیب مفتاحی

ایمان فروز نام ہے خیر الوری کا نام
پیغام زندگی ہے میرے مصطفی کا نام
سیرت نبی پاک کی قرآن کا ہے عکس
قرآن کیا ہے، آپ کی اک اک ادا کا نام
آماج گاہ ظلم ستم تھی کائنات
دنیا نے آپ ہی سے تو سیکھا وفا کا نام و
غار حرا میں آپ عبادت کو جو گئے
روشن جہاں میں ہو گیا غار حرا کا نام
بھولے ہوئے تھے اہل جہاں انبیاء کا دین
زندہ ہوا ابھی آپ ہے انبیاء کا نام سے

V مختصر جوابات لکھئے۔

**(1) خیر الورای کون ہیں؟**

❖ خیر الورای حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

**(2) حضور علی غار حرا میں کیا کرتے تھے؟**

❖ حضور علی غار حرا میں عبادت کرتے تھے۔

**(3) نبی ﷺ کی سیرت کیا ہے؟**

❖ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت قرآن کا عکس ہے

**(4) آپ کی آمد سے پہلے دنیا کی حالت کیا تھی؟**

❖ آپ کی آمد سے پہلے دنیا میں جہالت بھری ہوئی تھی۔

**(5) عرفان حق ہمیں کس سے ملا؟**

❖ عرفان حق ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا۔

**VI تفصیلی جواب لکھئے:**

(الف) "نعت" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

❖ نعت ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف خلوص نیت کے ساتھ کی جائے۔ خیر الورای حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حضور علی غار حرا میں عبادت کرتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت قرآن کا عکس ہے۔ آپ کی آمد سے پہلے دنیا میں جہالت بھری ہوئی تھی۔ عرفان حق ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا۔

# شمسی توانائی

## کے عبد الرحیم، پرنام بٹ

( قابل تجدید، منفی، توانائی، 150 کروڑ سنٹی گریڈ، نعت M Km149.6 ملین کلو میٹر)

**IV قوسین میں دیے گئے الفاظ سے جملے پر کیجئے:**

(1) شمسی توانائی قدرت کی عطا کی ہوئی ایک عظیم ۔۔۔۔۔(نعمت)

(2) زمین سے سورج کا فاصلہ (M Km149.6 ملین کلو میٹر)

(3) آفتاب کے اندرونی درجہ حرارت کا اندازہ (150 کروڑ سنٹی گریڈ)

(4) سورج کی شعاعوں سے حاصل ہونے والی ۔۔۔۔۔۔ کو شمسی توانائی کہتے ہیں۔ (توانائی)

(5) شمسی توانائی سے ماحول پر کوئی . (منفی) اثر نہیں پڑتا۔

شمسی توانائی ذریعہ توانائی ہے۔ (قابل تجدید)

AKWA ACADEMY AMBUR www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

VI مختصر جوابات لکھ کر یاد کیجئے:

(1) شمسی توانائی کسے کہتے ہیں؟

❖ ہر روز سورج اپنی شعاعوں اور کرنوں کے ذریعے توانائی کا ایک بہت بڑا ذخیرہ گرمی اور روشنی کی شکل میں ہم تک پہنچاتا ہے۔ اسے شمسی توانائی کہتے ہیں۔

(2) زمین سے سورج کا فاصلہ کتنا ہے؟

❖ زمین سے سورج کا فاصلہ 149.6 ملین کلومیٹر ہے،

(3) آفتاب کے اندرونی درجہ حرارت کا اندازہ بتائیے؟

❖ آفتاب کے اندرونی درجہ حرارت کا اندازہ 150 کروڑ ڈگری سنٹی گریڈ ہے۔

(4) شمسی توانائی کو بنیادی طور پر کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

❖ شمسی توانائی کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

❖ فوٹو وولٹائک سیل

❖ سولار تھرمل سیل

(5) شمسی توانائی کا استعمال کن مقامات پر کیا جا رہا ہے؟

❖ شمسی توانائی کو گھروں میں، اسکولوں، کالجوں، ہسپتالوں اور دیگر عوامی مقامات پر سولار لائٹ کے روشن کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

(6) ایندھن ختم ہو جائے تو اس کا بدل کیا ہو سکتا ہے؟

❖ ایندھن ختم ہو جائے تو اس کا بدل شمسی توانائی ہو سکتا ہے۔

(7) شمسی توانائی کو برقی توانائی میں کس طرح تبدیل کیا جاتا ہے؟

❖ سورج کی روشنی کو تھرموڈائینمک سائیکلز سے گزار کر بجلی میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

VII تفصیلی جوابات لکھئے:

(1) ہندوستانی مصنوعی سیارہ آریہ بھٹا میں کتنے شمسی سیل استعمال کئے گئے ہیں تفصیل سے لکھئے

(2) سڑکوں اور شاہراہوں میں لگائے گئے چراغات اور سگنل وغیرہ کون سی توانائی سے کام لیتے ہیں اور کیسے؟ تفصیل سے لکھئے۔

❖ ہر روز سورج اپنی شعاعوں اور کرنوں کے ذریعے توانائی کا ایک بہت بڑا ذخیرہ گرمی اور روشنی کی شکل میں ہم تک پہنچاتا ہے۔ اسے شمسی توانائی کہتے ہیں۔ زمین سے سورج کا فاصلہ 149.6 ملین کلومیٹر ہے۔ آفتاب کے اندرونی درجہ حرارت کا اندازہ 150 کروڑ ڈگری سنٹی گریڈ ہے۔ شمسی توانائی کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ فوٹو وولٹائک سیل، سولار تھرمل سیل۔ شمسی توانائی کو گھروں میں، اسکولوں، کالجوں، ہسپتالوں اور دیگر عوامی مقامات پر سولار لائٹ کے روشن کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ایندھن ختم ہو جائے تو اس کا بدل شمسی توانائی ہو سکتا ہے۔ سورج کی روشنی کو تھرموڈائینمک سائیکلز سے گزار کر بجلی میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

## غزل

جگر مرادآبادی

V بحوالہ متن تشریح کیجئے:

(1) جب کوئی ذکر گردشِ ایام آگیا
بے اختیار لب پہ ترا نام آگیا

(2) احباب مجھ سے قطع تعلق کریں

AKWA ACADEMY AMBUR www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

www.Padasalai.Net www.CBSEtips.in

جگر اب آفتاب زیست لب بام آگیا

**VI مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے:**

**(1) شاعر جگر کے دل کو سکون اور روح کو آرام کب ملتا ہے؟**

❖ شاعر جگر کہتے ہیں کہ دوست کا محبت بھرا پیغام ملتے ہی دل کو سکون اور روح کو آرام مل جاتا ہے

**(2) گردش ایام (مصیبت و آفت) کے وقت شاعر کے ہونٹوں پر کس کا نام آگیا؟**

❖ گردش ایام (مصیبت و آفت) کے وقت شاعر کے ہونٹوں پر بے اختیار محبوب ہی کا نام آتا ہے۔

**(3) شاعر جگر کس کو اپنا کہتے ہیں؟**

❖ شاعر جگر کہتے ہیں جو ہمارے مشکل وقت میں کام آجائے اس کو اپنا کہتے ہیں۔

**(4) معرکہ حسن و عشق میں دل کا کیا حال ہوتا ہے؟**

❖ معرکہ حسن و عشق میں دل کا حال یہ ہوتا ہے کہ کچھ کہہ نہیں سکتے۔

**(5) عمر کے آخری حصہ میں شاعر کیوں احباب سے تعلق ختم کرنا چاہتا ہے؟**

❖ عمر کے آخری حصہ میں شاعر کیونکہ اب محبوب حقیقی اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑنے کا وقت آگیا ہے۔

**(6) شاعر جگر کا پورا نام لکھئے۔**

❖ جگر مرادآبادی کا نام علی سکندر ہے۔

## جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے

محمد حسین حسان

**II مختصر جوابات لکھئے:**

**(1) بوڑھے سے للینا نے کیا کہا؟**

❖ بڑی ترش روئی سے چیخ کر بولی۔ "چل ہٹ دور ہو جا یہاں سے، آج ہی کا دن منحوس صورت دکھانے کو رہ گیا تھا۔

❖ اس نے جھٹ سے دروازہ بند کر دیا۔

**(2) جوسیا نے بوڑھے مسافر کے ساتھ کیا سلوک کیا؟**

❖ جوسیا نے بوڑھے کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ عزت کی جگہ بٹھایا اور بڑی لجاجت سے بولی۔ 'بابا اس وقت ڈھنگ کا کھانا ہم آپ کو نہ کھلا سکیں گے جو کچھ روکھی سوکھی ہے حاضر ہے، آپ بڑے شوق سے آج کی رات یہاں آرام فرمائیے۔

**(3) بوڑھے مسافر کی دعا سے جوسیا کو کیا فائدہ ہوا؟**

❖ بوڑھے مسافر کی دعا سے جوسیا مالدار ہو گئی۔

**(4) الینا نے دوسری مرتبہ بوڑھے کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟**

❖ للینا نے دوسری مرتبہ بوڑھے کے ساتھ اچھا سلوک کیا۔

**(5) لینا کو بوڑھے کی دعا سے فائدہ کیوں نہیں ہوا؟**

❖ للینا کو بوڑھے کی دعا سے فائدہ نہیں ہوا کیوں کہ اس کا نیت خراب تھا۔

**(6) نیت کی خرابی کی وجہ سے للینا کو کن پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا؟**

❖ نیت کی خرابی کی وجہ سے للینا جلدی میں بالٹی سے ٹھوکر لگ گئی۔ سارا پانی گر گیا۔ ادھر بچوں کو پیاس لگی، گھر میں پانی تھا نہیں۔

AKMA ACADEMY AMBUR www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

www.Padasalai.Net www.CBSEtips.in

**(7) بوڑھے کے اس قول " جیسی نیست ویسا پھل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ وضاحت کریں**

❖ نیت اچھی ہو تو اس کا پھل اچھا ملتا ہے۔ اگر نیت خراب ہو تو اس کا پھل خراب ملتا ہے۔

## فاعل اور اسم فاعل کا فرق

**سوالات برائے مشق:**

**(1) فاعل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں دیجئے؟**

❖ کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔ مثال: احمد کھایا۔

**(2) فاعل اسم ہوتے ہیں یا فعل؟ بتائیے۔**

❖ فاعل اسم ہوتے ہیں

**(3) فاعل اور اسم فاعل میں فرق واضح کیجئے؟**

❖ کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔ مثال: احمد کھایا۔

❖ کام کرنے والے شخص کا اصلی نام نہ ہو تو وہ اسم فاعل کہلاتا ہے جیسے مزدور۔ اداکار۔ گاڑی بان وغیرہ۔

**(4) درج ذیل مثالوں میں اسم فاعل الگ کیجئے۔**

| | | |
|---|---|---|
| رکھولا نگہبانی کرتا ہے | – | رکھولا |
| پجاری مندر صاف کرتا ہے | – | پجاری |
| مالی پھول توڑ رہا ہے | – | مالی |
| اداکار نے بہترین اداکاری کی | – | اداکار |
| مؤذن اذان دیتا ہے | – | مؤذن |

Prepared by

**MOHAMMED ALI A**

AKWA ACADEMY

4TH STREET, K M NAGAR, PUDUMANAI

AMBUR.

## عدل فاروقی

علامہ شبلی نعمانی

VI خالی جگہ بھرتی کیجئے:

(1) کہ ترے ---------- میں ہم کو نظر آتا ہے فتور (عدل)

(2) ---------- مال غنیمت میں جو آپ کے آئیں (چادریں)

(3) صحن مسجد میں وہ -------- ہوئیں سب کے حضور (تقسیم)

(4) ان میں ہر ایک کے ---------- میں فقط اک آئی (حصے)

(5) تھا تمہارا بھی وہی ------ کہ یہی ہے دستور (حق)

**درج ذیل کے سوالات کے جوابات لکھیے:**

**(1) حضرت عمر فاروق نے منبر پر چڑھتے ہوئے کیا کہا؟**

❖ حضرت عمر فاروق نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے مجمع سے سوال کیا کہ میں جو حکم دوں، کیا تم اس کی اطاعت کرو گے؟

**(2) مسجد کے صحن میں کیا چیز تقسیم ہوئی؟ اور حضرت عمر فاروق کے حصہ میں کیا آیا؟**

❖ حضرت عمر فاروق کے حصے میں بھی ایک ہی چادر آئی تھی۔

**(3) حضرت عمر پر کیا اعتراض کیا گیا؟**

❖ حضرت عمر پر چادر کی اعتراض کیا گیا۔

**(4) حضرت عمر فاروق نے اپنے فرزند سے کیا کہا؟**

❖ حضرت عمر فاروق نے اپنے فرزند سے کہا کہ کیا سچ ہے تم کہو

**(5) نکتہ چین نے حضرت عمر فاروق سے کیا کہا؟**

❖ نکتہ چین نے حضرت عمر فاروق سے کہا اب ہم تمہاری بات مانیں گے۔

AKWA ACADEMY AMBUR www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

**VIII تفصیلی جوابات لکھئے:**

**(1) حضرت عمر فاروق کا عدل وانصاف کیسا تھا؟ تفصیلی جواب لکھئے۔**

**(2) "عدل فاروقی نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔**

❖ حضرت عمر فاروق نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے مجمع سے سوال کیا کہ میں جو حکم دوں، کیا تم اس کی اطاعت کروگے؟ حضرت عمر فاروق کے حصے میں بھی ایک ہی چادر آئی تھی۔ حضرت عمر پر چادر کی اعتراض کیا گیا۔ حضرت عمر فاروق نے اپنے فرزند سے کہا کہ کیا سچ ہے تم کہو۔ نکتہ چین نے حضرت عمر فاروق سے کہا اب ہم تمہاری بات مانیں گے۔

## ادب کی اہمیت

**سید محمود، پرنامبٹ**

خالی جگہ بھرتی کیجئے:

(1) ادب انسانی معاشرہ میں بہت۔۔۔۔۔۔ رکھتا ہے۔

(2) آپس میں محبت اور جذبات۔۔۔۔۔۔ کے جنم لیتے ہیں۔

(3) ادب۔۔۔۔۔۔ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(4) ادب کا دوسرا معنی۔۔۔۔۔۔ اور دوسروں کی عزت و تکریم کرنا ہے۔

(5) آدمی کا بہترین دوست اور اچھا ساتھی۔۔۔۔۔۔ ہی ہے

**VI صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجئے**

(1) ادب معاشرے میں عزت واحترام اور رحمت وشفقت پیدا کرتا ہے (صحیح)

(2) ادب غیر تخلیقی ہوتا ہے (غلط)

(3) سائنسی، جغرافیائی اور اخباری تحریر میں غیر ادبی ہوتی ہیں (صحیح)

(4) شعری ادب اور نثری ادب، ادب کی دو قسمیں ہیں (صحیح)

(5) ایک باوقار اور سنجیدہ آدمی گفتگو کے آداب کا خیال نہیں رکھتا (صحیح)

**VI درج ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھئے:**

**(1) ادب کا لفظ کس زبان سے لیا گیا ہے؟ اور اس کے لغوی معنی لکھئے۔**

❖ ادب عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی لوگوں کو کسی کام کی طرف بلانے اور جمع کرنے کے ہیں۔

**(2) حضرت امام مالک کی والدہ نے آپ کو کیا نصیحت کی تھی؟**

❖ حضرت امام مالک کی والدہ نصیحت کرتی ہیں کہ استاد سے علم حاصل کرنے سے پہلے ڈسپلین، ادب اور اخلاق سیکھو۔

**(3) ادبی تحریر میں کون سی ہوتی ہیں؟ اور غیر ادبی تحریر میں کون سی ہوتی ہیں؟**

❖ سائنسی، جغرافیائی اور اخباری تحریریں غیر ادبی ہوتی ہیں،

❖ ادبی تحریروں میں حقیقت کے ساتھ جذبات ہوتے ہیں۔

**(4) سائنسی علوم کا بنیادی مقصد کیا ہے؟**

❖ سائنسی علوم کا بنیادی مقصد نئی نئی ایجادات اور دریافتیں کرنا ہے۔

**(5) حضرت امام ابو حنیفہ کس طرح بڑوں کا ادب کیا کرتے تھے؟**

❖ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ میں ہر نماز کے بعد اپنے استاد و اور والد کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہوں۔

❖ میں ہر اس شخص کے لئے استغفار کرتا ہوں جس سے میں نے کچھ بھی سیکھا ہے یا جس نے مجھے پڑھایا ہے۔

**VII بحوالہ متن تشریح کیجئے:**

**(1) میں نے تمہیں سال تک ادب حاصل کیا پھر بیس سال علم حاصل کرنے میں لگائے۔**

AKM ACADEMY AMBUR
www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

www.Padasalai.Net www.CBSEtips.in

❖ ہارون رشید کی ایک خادمہ کہنے لگی حقیقت میں تو یہ بادشاہ لگتے ہیں۔ کسی نے عبد اللہ سے پوچھا تمہاری شہرت اور نیک نامی کا راز کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا۔" میں نے تیس سال تک ادب حاصل کیا پھر بیس سال علم حاصل کرنے میں لگائے۔"

**(2) تمہارے استاد سے علم حاصل کرنے سے پہلے ڈسپلین، ادب اور اخلاق سیکھو۔**

❖ مشہور بزرگ حضرت امام مالک کی والدہ آپ کو تعلیم کے لئے روانہ کرتے ہوئے یہ نصیحت کرتی تھیں کہ رابعہ تمہارے استاد ہیں۔ ان سے علم حاصل کرنے سے پہلے ڈسپلین، ادب اور اخلاق سیکھو۔

**(3) اسے رات کب آئی اور کب گزر گئی پتہ ہی نہیں۔**

❖ کارل مارکس مشہور مصنف گزرا ہے وہ لندن کی لائبریری میں سب سے پہلے داخل ہوتا اور سب سے آخر میں نکلتا تھا۔ ایک مرتبہ شام کو ملازم لائبریری بند کر کے چلا گیا اور یہ سمجھا کہ اندر کوئی نہیں ہے۔ دوسرے دن صبح جب کتب خانہ میں آیا تو یہ دیکھ کر حیران "رہ کہ کارل مارکس مطالعہ میں ایسے مشغول ہے کہ اسے رات کب آئی اور کب گزری پتہ ہی نہیں چلا۔

**تفصیلی جوابات لکھئے**

**(1) ادب کی دو قسمیں کون سی ہیں؟ تفصیل سے لکھئے۔**

❖ ادب کی دو قسمیں ہیں۔

❖ شعری ادب: نظم، غزل، قصیدہ، مثنوی، مرثیہ اور رباعی وغیرہ ہیں۔

❖ نثری ادب: نثری ادب میں افسانہ، کہانی، ناول، ڈرامہ، سفرنامہ، مضامین اور آپ بیتی وغیرہ

**(2) گفتگو کے آداب پر پانچ جملے لکھئے**

❖ سلام سے گفتگو کی شروعات کرے۔

❖ "براہ کرم" اور "شکریہ" کو اپنی روزمرہ کی حصہ بنائیں۔

❖ جب کوئی کہتا ہے، "شکریہ،" جواب میں "آپ کا استقبال ہے" کہیں۔

❖ عجیب الفاظ جیسے ام، ہہ، ہم، نہ اور ہاں سے پرہیز کریں۔

❖ اپنی آواز کے لہجے کو خوشگوار رکھیں۔

**(3) ایک اچھا طالب علم کس طرح اپنی کتابوں کی قدر کرتا ہے؟ واضح کیجئے۔**

❖ کتابوں کا ادب کرنا، ان کی بے حرمتی نہ کرنا ایک اچھے طالب علم کی شان ہے کیونکہ ایک آدمی کا بہترین دوست اور اچھا ساتھی کتاب ہی ہے۔

## غزل

**سہیل راشد**

IV قوسین میں دئے گئے الفاظ کی روشنی میں مناسب ترین جواب کا انتخاب کیجئے

(1) ------ و گوہر میں ہے نہ یہاں سیم وزر میں ہے

(الف) یاقوت (ب) ہیرا (ج) لعل

(2) ہر آدمی کا ارتقا------ میں ہے

(الف) علم وہنر (ب) فضل و کمال (ج) ادب و تہذیب

(3) نہ برق میں شرر میں نہ------ میں ہے

(الف) زمین و آسمان (ب) شمس و قمر (ج) اجالا و اندھیرا

AKWA ACADEMY AMBUR www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

(4) اپنا یہ سرخی شام و سحر میں ہے

(الف) لہو (ب) پسینہ (ج) لعاب

**VI بحوالہ متن تشریح کیجئے:**

(الف) کیف و سرور زیست کا اپنے ہی گھر میں ہے

درد جگر میں ہے یہ غم معتبر میں ہے

**VII مختصر جوابات لکھئے:**

**(1) آدمی کی ترقی کس بات میں پوشیدہ ہے؟**

❖ ہر آدمی کی ترقی علم و ہنر سے ہے۔

**(2) اپنے لہو کو شاعر نے کس سے تشبیہ دی ہے؟**

❖ خون کی سرخی کو آپ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت کی سرخی سے تشبیہ دے سکتے ہیں۔

**(3) زندگی کی لذتیں اور مسرتیں کہاں ملتی ہیں؟**

❖ زندگی کا کیف و سرور یعنی سرمستی ہم اپنے ہی دل میں ڈھونڈ سکتے ہیں

**(4) فکر کو روشنی اور جلا کیسے حاصل ہوتی ہے؟**

❖ ہمارے دشمن کی ہمارے خلاف کی جانے والی کارستانیوں سے ہماری فکر کو روشنی ملی۔

**(5) توبہ کے دروازہ پر شاعر کب پہنچتا ہے؟**

❖ اپنی بداعمالیوں سے توبہ کرنے کے لئے تیار کھڑا ہے گویا آخرت کی منزل حقیقی کا منظر اس کے سامنے آگیا ہے۔

**(6) بقول شاعر زندگی میں شہرت کا سبب کیا چیز بنتی ہے؟**

❖ بقول شاعر زندگی میں شہرت کا سبب فتنہ گر کی کارروائیوں سے میری شہرت میں اضافہ ہی ہوا۔

# ناشکری کا نتیجہ

**تلخیص: سید مسعود احمد متر پاتور**

II مناسب ترین جواب منتخب کیجئے:

(1) پان دان کی آواز سنتے ہی بچے نانی اماں کے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سننے کے لئے جمع ہو جاتے ہیں

(الف) کہانی (ب) بات چیت (ج) لڑائی جھگڑا

(2) بیچاری بڑھیا۔۔۔۔۔۔۔۔ جنگل بیابان میں ایک بڑ کے درخت کے پاس جا بیٹھی۔

(الف) ہنستی کھیلتی (ب) روتی دھوتی (ج) برا بھلا کہتی ہوئی

(3) گرمی کے بڑے بھائی کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) برسات (ب) سردی (ج) جاڑا

(4) بڑھیا ........ اشرفیاں اپنے ساتھ گھر لے آئی۔

(الف) ایک ہزار (ب) دو ہزار (ج) تین ہزار

(5) جو ہر وقت روتا ہے وہ ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔

(الف) جوتیاں کھاتا ہے (ب) بزدل رہتا ہے

(ج) پریشان رہتا ہے

**سوالات کے مختصر جوابات لکھ کر یاد کیجئے**

**(1) نانی اماں سے کہانی سننے کے لئے کون کون دوڑے دوڑے آئے؟**

❖ نانی اماں سے کہانی سننے کے لئے سعیدہ، حمیدہ، احمد اور محمود دوڑتے ہوئے نانی اماں کے پاس پہنچ جاتے ہیں

**(2) بڑھیا روتے روتے کہاں چلی گئی؟**

❖ بڑھیا روتے روتے ایک درخت کے نیچے جا کر بیٹھی۔



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com

www.Padasalai.Net www.CBSEtips.in

(3) جاڑا، گرمی اور برسات کا کس بات پر جھگڑا ہوا؟

❖ جاڑا، گرمی اور برسات کا کون سب سے اچھا ہے اس بات پر جھگڑا ہوا۔

(4) بہو کا غصہ کیسے دور ہوا؟

❖ بڑھیا کے لائے ہوئے تین ہزار اشرافیاں دیکھ کر بہو کا غصہ کم ہو گیا۔

(5) بہو اور بیٹے نے دوبارہ گھر سے بڑھیا کو کیوں نکال دیا؟

❖ بہو اور بیٹے نے دوبارہ گھر سے بڑھیا کو نکال دیا کیوں کہ ان کو شک تھا کی وہ کہیں چرا نہ لائی ہوں۔

(6) اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

❖ اس کہانی سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شکر گزار بندہ ہے وہ ہر حال میں خوش مزاج ہوتا ہے اور خوش بھی رہتا ہے۔

❖ جو ہر وقت روتے رہتا ہے وہ ہمیشہ جوتیاں کھاتا ہے۔

(IV) تفصیلی جواب لکھئے

1۔ ناشکری کا نتیجہ کیا ہوتا ہے اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

❖ نانی اماں سے کہانی سننے کے لئے سعیدہ، حمیدہ، احمد اور محمود دوڑتے ہوئے نانی اماں کے پاس پہنچ جاتے ہیں ۔ بڑھیا روتے روتے ایک درخت کے نیچے جا کر بیٹھی۔ جاڑا، گرمی اور برسات کا کون سب سے اچھا ہے اس بات پر جھگڑا ہوا۔ بڑھیا کے لائے ہوئے تین ہزار اشرافیاں دیکھ کر بہو کا غصہ کم ہو گیا۔ بہو اور بیٹے نے دوبارہ گھر سے بڑھیا کو نکال دیا کیوں کہ ان کو شک تھا کی وہ کہیں چرا نہ لائی ہوں۔ اس کہانی سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شکر گزار بندہ ہے وہ ہر حال میں خوش مزاج ہوتا ہے اور خوش بھی رہتا ہے۔ جو ہر وقت روتے رہتا ہے وہ ہمیشہ جوتیاں کھاتا ہے۔

## فعل حال کی قسمیں

**سوالات برائے مشق:**

(1) زمانے کے لحاظ سے فعل کی تین قسمیں کون سی ہیں؟ لکھئے۔

❖ فعلِ ماضی

❖ فعل حال

❖ فعل مستقبل۔

(2) فعل حال کی کتنی قسمیں ہیں اور کیا کیا ہیں؟

❖ فعل حال تمام

❖ فعل حال تعریف

(3) فعل حال تمام کی دو مثالیں لکھئے؟

❖ احمد کھیل رہا ہے۔

❖ فضیل لکھ رہا ہے۔

(4) فعل حال جاری کی تعریف کیجئے؟

❖ وہ فعل ہے جس میں کام موجودہ زمانہ میں جاری ہو۔

(5) درج ذیل مثالوں میں سے فعل حال جاری اور فعل حال تمام الگ کیجئے

| | |
|---|---|
| اکرم خط لکھ رہا ہے | ۔ فعل حال جاری |
| ہاشم کھیل رہا ہے | ۔ فعل حال جاری |
| نیلو فرضی ہے | ۔ فعل حال تمام |
| ریاض پڑھتا ہے | ۔ فعل حال تمام |
| شاداب دیکھتا ہے | ۔ فعل حال تمام |

AKWA ACADEMY AMBUR www.Padasalai.Net



Kindly send me your study materials to padasalai.net@gmail.com